آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
نظامت اعلیٰ سپورٹس، یوتھ اینڈکلچر

پیشکش مطلوب ہے

جملہ خواہشمند حضرات کو بذریعہ نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر مظفر آباد کے زیر انتظام سپورٹس کمپلیکس (جلال آباد) مظفر آباد میں قائم شدہ 02عدد سنوکر ہالز معہ 05عدد نصب شدہ سنوکر ٹیبلز اوپن مارکیٹ ریٹ پر دیے جانے کے سلسلہ میں سنوکر کلب چلانے کے تجربہ کے حامل حضرات سے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس سلسلہ میں سنوکر ہالز معہ سنوکر ٹیبلز کرایہ پر حاصل کرنے والے خواہشمند اور تجربہ کے حامل حضرات مورخہ 19-10-2026 بوقت 11:00 بجے دن اپنی درخواستوں اور کال ڈیپازٹ -/60,000روپے (بنام ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر) کے ہمراہ دفتر نظامت اعلیٰ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر واقع سپورٹس سٹیڈیم مظفر آباد میں تشریف لائیں۔موصول شدہ درخواستوں پر اُسی روز درخواست دہندگان/نمائندگان کی موجودگی میں بوقت 11:30 بجے دن بولی ہو گی۔

شرائط:

1) سنوکر ہالز کی بولی کم از کم -/50,000(پچاس ہزار) روپے سے شروع ہو گی۔
2) کامیاب بولی دہندہ مبلغ -/5,00,000(پانچ لاکھ) روپے سیکیورٹی فیس بشکل بینک درافٹ بنام ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر شامل کروانے کا پابند ہو گا۔
3) جمع شدہ سیکیورٹی فیس ہالز چھوڑنے پر واپس کر دی جائے گی۔تاہم ہالز کو نقصان ہونے کی صورت میں بمطابق تخمینہ وضعگی کی جائے گی۔
4) کامیاب بولی دہندہ کرایہ ہر ماہ کی 10 تاریخ سے قبل ادا کرنے کا پابند ہو گا۔کرایہ کی ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں جرمانہ مبلغ -/100 روپے فی یوم وصول کیا جائے گا۔
5) محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر اور کامیاب بولی دہندہ کے مابین معاہدہ 02 سال کے لئے ہو گا۔تاہم معاہدہ میں شامل کسی بھی شق کی خلاف ورزی کی صورت میں معاہدہ قابل تجدید نہ ہو گا۔
6) ہالز کا ماہوار بل بجلی اور پانی وغیرہ بذمہ استعمال کنندہ/کامیاب بولی دہندہ پر ہو گا۔
7) کامیاب بولی دہندہ تحت قواعد معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا۔
8) کسی قسم کی توڑ پھوڑ کی صورت میں تمام تر ذمہ داری استعمال کنندہ پر ہو گی۔
9) کامیاب بولی دہندہ کو دیگر کسی اور فرد کو ہالز دینے کی اجازت نہ ہو گی۔
10) کامیاب بولی دہندہ میوزک/ساؤنڈ سسٹم کی آواز کو ہالز کی حد تک محدود رکھنے کا پابند ہو گا۔
11) کامیاب بولی دہندہ سنوکر ہالز موسم گرما میں رات 11:00 بجے جبکہ موسم سرما میں رات 10:00 بجے تک بند کرنے کا پابند ہو گا۔
12) سنوکر کلب میں کسی بھی سیاسی وفرقہ وارانہ منافرت/غیر اسلامی وغیر اخلاقی سرگرمیوں شراب نوشی، سگریٹ نوشی، آئس وغیرہ کے استعمال پر پابندی ہو گی۔خلاف ورزی کی صورت میں معاہدہ منسوخ کر دیا جائے گا جس کو کسی بھی عدالت (Court of Bar) میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔
13) ہر سال موجودہ کرایہ پر 10% اضافہ کیا جائے گا۔
14) محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر دفتری ضرورت کے پیش نظر ایک ماہ پیشگی نوٹس پر سنوکر ہالز خالی کرانے کا مجاز ہو گا اور اگر کامیاب بولی دہندہ خود سنوکر ہالز خالی کرنا چاہے تو ایک ماہ قبل محکمہ سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر کو تحریری طور پر اس بارہ میں مطلع کرنے کا پابند ہو گا۔

ڈپٹی ڈائریکٹر (انتظامیہ)
سپورٹس، یوتھ اینڈ کلچر
05822-920889